AQA

SPECIMEN MATERIAL

# GCSE URDU

# H

## Higher Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Specimen 2019 Morning Time allowed: 45 minutes
(including 5 minutes' reading time before the test)

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

**The pauses are pre-recorded for this test.**

**Advice**
This is what you should do for each item.
- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A** answer the questions in **English**. In **Section B** answer the questions in **Urdu**.
- You must answer all the questions in the spaces provided. Do not write on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **You must not ask questions or interrupt during the test.**
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the recording has started, the Invigilator must not pause it, **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

**Section A** Questions and answers in **English**

1 F1 میں موسم سرما کی چھٹیوں میں پاکستان گئی تھی۔

2 F1 میرے چچازاد بھائی کی شادی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ میں اس شادی میں ضرور آؤں۔

3 F1 زندگی میں پہلی بار تمام رشتہ داروں سے مل کر مجھے بے حد خوشی ہوئی۔

4 F1 وہاں میرا وقت اتنا اچھا اور تیزی سے گزرا کہ میرا واپس آنے کا بالکل دل نہیں چاہتا تھا۔ پتا ہی نہیں چلا کہ ایک ماہ کیسے گزر گیا۔

5 M1 میں عام طور پر سینما جانا نہیں پسند کرتا لیکن اگلے اتوار کو میں اپنے خاندان کے ساتھ ایک فلم دیکھنے جاؤں گا کیونکہ میرے والد صاحب کی سالگرہ ہے۔ اس لیے ہم سب مل کر سلمان خان کی ایک نئ فلم دیکھیں گے۔ یوں تو مجھے مزاحیہ فلمیں پسند نہیں ہیں لیکن اس فلم میں میرا پسندیدہ اداکار شاہ رخ خان ہے اس لیے یہ فلم دیکھ کر مجھے خوشی ہوگی۔ پچھلے سال میں نے ایک تاریخی فلم دیکھی تھی جو بہت رلانے والی تھی لیکن یہ ایک دلچسپ فلم تھی کیونکہ اس کی موسیقی بہت زبردست تھی۔ میں اپنے اسکول کے دوستوں کے ساتھ اگلے مہینے ایک ڈراؤنی فلم دیکھنے جاؤں گا۔

6 F1 میں پاکستان جانا چاہتی ہوں کیونکہ مجھے وہاں کا ماحول اچھا لگتا ہے۔

7 M1 میں امریکہ جانا چاہوں گا لیکن وہاں بہت مہنگائی ہے۔

8 F2 میں برطانیہ میں رہتی ہوں لیکن مجھے یہاں رہنے کا مزہ نہیں آتا۔

9 M2 میں مراکش دیکھنا چاہتا ہوں کیونکہ وہاں کے ساحل سمندر کا نظارہ بہت دلکش ہے لیکن سفر بہت لمبا ہے۔

اب آپ خبریں سنیئے۔

10 M1 پہلی خبر۔اسلام آباد میں بہت دھند ہونے کی وجہ سے بیرونی ممالک سے آنے والی تمام پروازوں کا رخ موڑ دیا گیا ہے۔اب یہ پروازیں اسلام آباد کے بجائے لاہور کے ہوائی اڈے پر اتاری جائیں گی۔

11 F1 دوسری خبر۔ سیلاب نے پورے پاکستان میں تباہی مچادی ہے۔ جانی نقصان کے علاوہ مالی نقصان بھی بہت زیادہ ہوا ہے۔ فصلیں تباہ ہوگئی ہیں۔

12 M2 تیسری خبر۔ایک گاڑی اور رکشا کے درمیان ٹکر ہونے کی وجہ سے سڑک بند کردی گئی ہے۔ یہ سڑک کل تک بند رہے گی۔

13 F2 چوتھی خبر۔ برطانیہ اور بھارت کے وزیراعظم آپس کے تعلقات بڑھانے کے لیے ایک دوسرے کے ملکوں کا دورہ کریں گے۔

14 M1 میں صحت مند رہنے کے لیے غیر صحت بخش کھانے نہیں کھاتا۔ میں زیادہ تر پھل اور سبزیاں کھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں سگریٹ نوشی کے خلاف ہوں کیونکہ اس سے انسان سرطان جیسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو سکتا ہے جو کبھی کبھی جان لیوا بھی ہو سکتی ہے۔ میں ہر بدھ کے دن اپنے دوستوں کے ساتھ دیہات کی سیر کے لیے جاتا ہوں۔

15 M1 کل میں اپنے بھائی کے ساتھ ورزش کرنے اسپورٹ سینٹر گیا جس سے میں بہت لطف اندوز ہوا۔ پچھلے ہفتے میں تین میل کی دوڑ لگانے کے بعد بہت تھک گیا تھا۔اگلے ہفتے میں تیراکی کرنے جاؤں گا کیونکہ یہ صحت کے لیے بہت مفید ہے۔

16 F2 میں اس وقت ایبٹ آباد کے ایک ثانوی اسکول میں پڑھ رہی ہوں جو کہ ایک پہاڑی علاقے میں ہے۔ پرائمری اسکول میں میرا پسندیدہ مضمون ریاضی تھا لیکن اب جغرافیہ ہے کیونکہ میں اپنے استاد کے پڑھانے سے بہت متاثر ہوں۔

ہمارے اسکول میں کوئی کتب خانہ تو نہیں ہے البتہ ہماری سائنس کی جدید لیبارٹری ہے اور اس میں ضرورت کا سارا سامان دستیاب ہے۔ میرے خیال میں اسکول میں کھیلوں کی سہولتیں ہونی چاہئیں جس سے طالب علموں کی کھیلوں میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ یہ بات میرے لیے اسکول کے ٹرپ سے زیادہ اہم ہے۔

تین ہفتے پہلے میں نے اپنے اسکول اور ایک دوسرے اسکول کی فٹ بال ٹیم کے درمیان ہونے والا میچ دیکھا۔ کل میں نے علم کیمیا کے ایک مقابلے میں حصہ لیا اور سونے کا تمغہ جیتا۔ اگلے ہفتے میں اپنے اسکول کے دوستوں کے ساتھ وادی نیلم میں ایک مشہور قلعہ دیکھنے جاؤں گی۔

17 F1 ایک سروے میں اٹھارہ سے تیس سال کی عمر کے نوجوانوں سے پوچھا گیا کہ موبائل فون ان کے لیے کیا معنی رکھتا ہے؟ تو نوجوانوں کی سینتیس فیصد تعداد نے اس بات سے اتفاق کیا کہ موبائل فون کا ان کے روزمرہ معاملات میں اس قدر عمل دخل ہے کہ موبائل فون کے بغیر انہیں زندگی ادھوری لگتی ہے جبکہ چھبیس فیصد نوجوان اپنے موبائل پر ضرورت سے زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ چوبیس فیصد نوجوانوں کی رائے کے مطابق موبائل فون ان کے لیے اہم نہیں ہیں۔ نو فیصد کے مطابق موبائل فون زندگی کی بنیادی ضرورت نہیں ہیں اور چار فیصد نوجوانوں کا کہنا ہے کہ وہ موبائل فون کے بغیر آسانی سے رہ سکتے ہیں۔

18 M1 میرا گاؤں اسلام آباد سے پندرہ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس گاؤں کی سب سے اچھی بات یہ ہے کہ یہاں کے باشندے آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بجلی کی فراہمی اور پانی کی نکاسی کا بندوبست کر رکھا ہے۔ اس گاؤں میں کوئی درس گاہ موجود نہیں ہے اور حکومت نے کوئی ترقیاتی کام بھی نہیں کیا۔ یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ ہماری ذاتی زمینوں سے سوئی گیس کی پائپ لائن گزرتی ہے لیکن ہم اس سہولت سے محروم ہیں۔

**Section B** Questions and answers in **Urdu**

| | | |
|---|---|---|
| 19 | F1 | میں انگریزی پسند نہیں کرتی کیونکہ یہ بہت مشکل ہے۔ |
| 20 | M1 | میں ہیڈماسٹر صاحب کو پسند کرتاہوں کیونکہ وہ ملنسار اور محنتی ہیں۔ |
| 21 | F2 | میرے موسیقی کے استاد بہت خوش مزاج ہیں لیکن تھوڑے سے سخت بھی ہیں کیونکہ وہ بہت زیادہ ہوم ورک دیتے ہیں۔ |
| 22 | M2 | میرے اسکول کی عمارت ہے تو بہت پرانی لیکن بہت شاندار ہے۔ |
| 23 | F1 | میں ایک فلیٹ میں اپنے خاندان کے ساتھ رہتی ہوں۔ یہ فلیٹ شہر کے درمیان میں ہے۔ اپنی چھوٹی بہن سے میری نہیں بنتی کیونکہ وہ تھوڑی سست مزاج ہے۔ میں فلمیں نہیں دیکھتی لیکن گھر میں ٹی وی پر خبریں اور دستاویزی پروگرام دیکھنا پسند کرتی ہوں۔ میرا سب سے پسندیدہ پروگرام قدرتی مناظر کے بارے میں ہے۔ |

**END OF TEST**

Copyright © 2016 AQA and its licensors. All rights reserved